مجلّہ ہے جس میں بلند پایہ علمی اور تحقیقی مضامین شائع ہوتے ہیں۔ محدث کا زیرِ تبصرہ شمارہ فتنۂ انکارِ حدیث پر خصوصی اشاعت ہے۔ اس شمارے میں بلند پایہ علمائے حق کے وقیع مضامین کو حسنِ ترتیب سے آراستہ کر کے پیش کیا گیا ہے۔ سب سے پہلے فتنۂ انکارِ حدیث کے اسباب بیان کئے گئے ہیں جن میں سب سے بڑا سبب مغرب کی علمی مرعوبیت اور عقل پسندی کا رُجحان ہے۔ اس کے بعد اس فتنہ کا تاریخی پس منظر بیان کیا گیا ہے۔ پرویز کے کفریہ عقائد کو بیان کر کے حجیتِ حدیث کی مضبوط بنیادیں واضح کی گئی ہیں۔ تدوین حدیث کے ضمن میں کی جانے والی کوششوں اور حفاظت حدیث کے مختلف ذرائع کی وضاحت کی گئی ہے۔ اس فتنہ کی نمایاں ترین شخصیت غلام احمد پرویز ہے، جس کے گمراہ کن افکار اور عجیب و غریب قرآنی تعبیرات کی بنا پر اُمت اسلامیہ کی صاحب علم و فضل شخصیات نے اسے خارج از اسلام قرار دیا ہے۔ ان علماء میں پاکستان کے علاوہ عالم عرب کے ممتاز اہل علم بشمول امامِ کعبہ، مفتی اعظم سعودی عرب اور شیخ عبدالعزیز بن باز شامل ہیں۔

اس اشاعتِ خاص میں شامل مختلف اشاریہ جات جو اس موضوع پر شائع ہونے والی کتب اور مضامین کا احاطہ کئے ہوئے ہیں، نہایت گراں قدر علمی سرمایہ ہیں۔ مختصراً یوں کہنا چاہئے کہ "محدث" کا یہ شمارہ فتنۂ انکارِ حدیث پر انسائیکلوپیڈیا کا درجہ رکھتا ہے۔

(۴)

نام کتاب : ماہنامہ الہادی کراچی (حضرت محمد احمدؒ نمبر)

مدیر مسئول : مولانا حافظ مشتاق احمد عباسی

ضخامت : 224 صفحات

قیمت : 120 روپے

ملنے کا پتہ : ادارہ اشاعت القرآن، اے 742، بلاک ایچ، نارتھ ناظم آباد کراچی نمبر 33

ماہنامہ الہادی کراچی کا یہ خصوصی نمبر حضرت الحاج محمد احمدؒ مولف تفسیر "درس

© rasailojaraid.c
© rasailojaraid.c